F. 6-4 (Edit) /2020 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 18.08.2020

قومی اردو کونسل فارسی زبان وادب کی مستند تاریخ شائع کرے گی: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل میں فارسی زبان وادب کے پینل کی آن لائن میٹنگ

نئی دہلی: ہندوستان میں فارسی زبان وادب کی مستحکم روایت رہی ہے اور اس زبان میں ہمارے ملک کی تاریخ وادب کا ایک بڑا سرمایہ موجود ہے جس کی حفاظت ہم سب کی ذمے داری ہے۔ یہ باتیں کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے فارسی زبان وادب کے پینل کی آن لائن میٹنگ میں کہیں۔انھوں نے کہا کہ ایک زمانے میں ہندوستان کی سرکاری زبان فارسی ہی تھی اور اسی زبان میں تمام علمی و سرکاری کام انجام پاتے تھے،اردو زبان وادب پر بھی فارسی کے گہرے اثرات ہیں اس لیے اردو والوں کا نہ صرف فارسی ادب کی تاریخ سے واقف ہونا ضروری ہے بلکہ بڑی حد تک اس زبان کے قواعد و رموز سے آگاہی بھی لازم ہے۔ڈاکٹر عقیل نے کہا کہ ہندوستان میں فارسی ادب کی اس وقیع تاریخ کو محفوظ کرنے کے مقصد سے پینل کی پچھلی میٹنگ میں یہ طے کیا گیا تھا کہ کونسل کے زیر اہتمام چار جلدوں پر مشتمل ہندوستان میں فارسی زبان وادب کی ایک جامع و مستند تاریخ مرتب کی جائے گی اور چاروں جلدوں کی ترتیب کی ذمے داری فارسی زبان وادب سے تعلق رکھنے والے پینل کے چار اہم ممبران کے سپرد کی گئی تھی اور ان حضرات کی طرف سے پروجیکٹ کا ابتدائی خاکہ بھی ہمارے پاس آچکا ہے۔انھوں نے اس علمی و تحقیقی منصوبے کو جلد از جلد مکمل کرنے پر زور دیتے ہوئے ممبران سے گزارش کی کہ ہماری خواہش ہے کہ سال بھر کے اندر اندر یہ کتاب کونسل کی طرف سے شائع ہو جائے، لہذا اسے ترجیحی بنیاد پر مکمل کرنا ضروری ہے۔ تمام ممبران نے ان کی تائید کی اور پروجیکٹ کی رفتار میں تیزی لانے پر اتفاق کیا گیا۔اس موقعے پر پچھلی میٹنگ کی دیگر تجاویز بھی زیر بحث آئیں اور ان پر اتفاق رائے کا اظہار کیا گیا۔

پینل کی صدارت پروفیسر آزرمی دخت صفوی نے کی۔ جبکہ میٹنگ کے دیگر شرکاء میں پروفیسر عبدالحلیم، پروفیسر حسن عباس، پروفیسر عثمان غنی، پروفیسر راجندر وشوناتھ جوشی کے علاوہ کونسل کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اکیڈمک) ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، ڈاکٹر فیروز عالم (اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر) اور ساجد الحق کے نام شامل ہیں۔

(رابطہ عامہ سیل)